# تبصرہ

**تاریخ جرم وسزا** | مصنفہ جناب امداد صابری صاحب۔ تقطیع خورد ضخامت ۲۲۴ صفحات [illegible] طباعت اور کاغذ بہتر۔ قیمت مجلد عہ؍ خود مصنف سے چوڑیوالاں دہلی کے پتہ پر مل سکتی ہے۔

جرائم کی تاریخ بہت قدیم ہے اور نوعِ انسانی کے ابتدائی دور سے ان کا وجود ملتا ہے [illegible] پھر جوں جوں نسلِ انسانی ترقی کرتی رہی نت نئے نئے جرائم پیدا ہوتے رہے۔ زمانہ کے لحاظ سے جرائم کی نوعیت ہمیشہ بدلتی رہتی ہے۔ نیز ہر ملک وقوم میں تعزیر وانسداد جرائم کے لئے علیحدہ علیحدہ مختلف طریقے برتے جاتے ہیں، جناب امداد صابری نے اسی موضوع پر قلم اٹھایا ہے۔ اردو [illegible] کے لئے تو یہ کوئی جدید موضوع نہیں ہے۔ البتہ تصنیفی حیثیت سے اس پر اب تک کوئی مستقل کوشش نہیں ہوئی ہے۔ تاریخ جرم وسزا اردو میں اس موضوع کا نقشِ اول ہے، کتاب چھ حصوں پر مشتمل ہے اور مختلف ممالک کے جرائم وتعزیرات کی تاریخ علیحدہ علیحدہ تفصیل سے بیان کی گئی ہے۔ زیرِ نظر کتاب اس کا پہلا حصہ ہے جس میں تمام تر ہندوستان کے جرائم وتعزیرات سے بحث کی گئی ہے اور علی الترتیب ہندوستان کی تینوں حکومتوں ہندوراج، اسلامی حکومت اور برٹش گورنمنٹ کی نوعیت جرائم وطریقہ تعزیر کا تفصیلی تذکرہ ہے بیان میں کہیں اجمال ہے اور کہیں تفصیل لیکن جو کچھ لکھا ہے تحقیق سے لکھا ہے۔ جناب امداد صاحب کی یہ کاوش بروقت، برمحل اور حسب ضرورت ہے۔ ملک کے اہلِ ذوق کے لئے اس کا مطالعہ مفید اور دلچسپی کا موجب ہوگا۔

---

## ترجمان القرآن جلد دوم

یہ تفسیر قرآن مولانا ابوالکلام ایسے باکمال عالم کی ۳۰ سال کی عرق ریزیوں کا نتیجہ ہے یہ جلد اپنی [illegible] کے لحاظ سے پہلی جلد سے بھی زیادہ اہم اور مہتم بالشان ہے۔ اس کے حواشی نہایت مفصل دلپذیر ودلکش اور بہت سے اہم اجتماعی اور اقتصادی مسائل پر مشتمل ہیں سورہ اعراف سے سورہ مومنون تک اسی حصہ میں ہے اس لئے کتاب علمی اور تاریخی خصوصیات کے اعتبار سے بھی بے مثل ہوگئی ہے ہدیہ مجلد عہ؍

مضامین ابوالکلام آزاد جلد اول للعہ؍ جلد دوم للعہ؍

منیجر مکتبہ برہان دہلی قرول باغ